سوال

اللہ تعالی کا فرمان ہے ولہ المثل الاعلی فی السماوات والارض کیا المثل تشبیہ کے معنی میں ہے ؟

جواب

الحمد للہ

والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ وبعد :

المثل الاعلی یا معنی ہر وجہ اوراعتبار سے وصف اعلی ہے ، وہ اللہ سبحانہ وتعالی ہر اعتبار سے صفات کمال سے موصوف ہے جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالی کے ارشاد کا ترجمہ کچھ اس طرح ہے :

اس کی مثل کوئی نہیں اوروہ سننے اوردیکھنے والا ہے الشوری (11) ۔

اوراللہ تبارک وتعالی کا فرمان کچھ اس طرح ہے :

آپ کہہ دیجئے کہ وہ اللہ ایک ہی ہے ، اللہ تعالی بے نیاز ہے ، نہ اس سے کوئی پیدا ہوا اورنہ وہ کسی سے پیدا ہوا ، اورنہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے الاخلاص (1-4) ۔

اوراللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے .